**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**02جون2023ء**

# پریس ریلیز

## مہنگائی کے بوجھ تلے سسکتی عوام کو بجٹ میں ریلیف دیا جائے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مہنگائی کے بوجھ تلے سسکتی عوام کو بجٹ میں ریلیف دیا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطابِ جمعہ کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی ضروریات زندگی یعنی غذا، رہائش، صحت اور تعلیم تک ہر شہری کی آسان رسائی کو یقینی بنانا ایک ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت کی غیر دانش مندانہ معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملکی معیشت آج تباہی کے دہانے پر ہے۔ کمر توڑ مہنگائی نے غریب ہی نہیں متوسط طبقہ کا بھی جینا حرام کر دیا ہے۔ ڈالر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے۔ قرضوں میں بے تحاشہ اضافہ ہو چکا ہے۔ بجلی، تیل، گیس وغیرہ کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں۔ خام مال مہنگا ہونے سے صنعتیں بند ہو رہی ہیں۔ گویا معیشت کا پہیہ جام ہو چکا ہے۔ ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسا بجٹ پیش کیا جائے جس سے عوام کو فوری ریلیف مل سکے۔ بالواسطہ ٹیکسوں کو کم کیا جائے اور بلاواسطہ محصولات کو بڑھایا جائے۔ پھر یہ کہ ملکی و بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ مقامی صنعتوں کی پیداوار کو بڑھانے کے لئے خصوصی مراعات دی جائیں اور برآمدات کو بڑھایا جائے۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں زیادہ سے زیادہ کٹوتی کرکے بچت کو عام آدمی کے ریلیف کے لیے استعمال میں لایا جائے۔ سودی معیشت کے خاتمے کے لیے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے پر فوری اور مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ کرپشن کے ناسور کی بیخ کنی کے لیے عملی اقدامات اُٹھائے جائیں اور وہ دولت جو پاکستان سے لوٹ کر باہر لے جائی گئی اُسے واپس لا کر عوام کو ریلیف دیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت کو ادراک ہونا چاہیے کہ ایک متوازن بجٹ پیش کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آئی ایم ایف کے چُنگل سے نجات حاصل کی جائے۔ لہٰذا آئی ایم ایف کے پروگرام کو خیر آباد کہہ کر کسی نئے پروگرام کا حصہ نہ بنا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک کو معاشی غلامی اور عالمی مالیاتی استعمار کی جکڑ بندیوں سے نجات دلانا ناگزیر ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی معیشت کو اسلامی اصولوں کے مطابق اُستوار کرکے خود کفالت کا ہدف حاصل کیا جائے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 02 June 2023**

## "The masses crushed by inflation should be given relief in the budget."

**Lahore (PR): "The masses crushed by inflation should be given relief in the budget."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah in the Qur'an Academy Lahore. The Ameer noted that providing welfare to the masses and guaranteeing that every citizen of the country has easy access to the basic amenities of live, i.e., food & water, shelter, healthcare and education, is the fundamental responsibility of every state. The fact is that the unsound policies of the government have brought our economy to the brink of disaster today. Excruciating hike in prices has made life miserable for the middle class, in addition to the poor. The dollar has surged against the rupee like never before in our history. The debt burden has increased manifold. The prices of electricity, gas and petrol etc. are out of the reach of the common man. Industries are shutting down due to the hike in the cost of raw materials. The economy is, practically, at a standstill. In these circumstances, such a budget that provides maximum relief to the masses is imperative. Indirect taxes must be reduced and revenues should be collected by direct taxation. Steps must be taken to encourage local and foreign investment. Local industry must be incentivized for increase in production and exports should be boosted. The government ought to divert as much from non-developmental expenditures as possible to providing relief to the masses. Immediate practical measures must be taken to implement the decision of the Federal Shariat Court to eradicate Riba. The menace of corruption must be weeded out and the wealth send abroad through corruption must be returned home and used to give relief to the masses. The Ameer said that the government and state institutions must realize that in order to give a welfare-oriented budget based on socio-economic justice, Pakistan must rid itself from the clutches of the IMF. Therefore, the IMF program must be abandoned and Pakistan must not look for any further IMF programs. The fact is that the country needs to be ridded of economic slavery by breaking the shackles of the international imperial and capitalist institutions. The need of the hour is to mould the economy of Pakistan according to the Islamic principles and edicts, in order to achieve self-sufficiency and prosperity.

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**